© rasailojaraid.com



طنز و مزاح

ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات انکی

○ ڈی سی ملتان کے تبادلے اور ایس ایس پی کو رخصت پر بھیجنے کا فیصلہ۔ (ایک خبر)

کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے!

○ گوجرانوالہ میں ڈاکوؤں نے تھانے کے سامنے تین دکانیں لوٹ لیں۔ (ایک خبر)

محافظوں کی سرپرستی میں!

○ پی ایس ایف نے ایک شرابی کانسٹیبل کی پٹائی کر دی۔ (ایک خبر)

کہ حصہ کیوں نہیں دیا۔

○ چترال کی فضائی حدود میں پراسرار طیاروں کی پرواز (ایک خبر)

○ کشمیر اور گوادر کا سودا ہو رہا ہے۔ جرنیل کہاں سو گئے۔ (قاضی حسین احمد)

اللہ کے رسول ﷺ کی بات سچی ہے۔ عورت کی حکومت کچی ہے۔

○ نوابزادہ نصر اللہ اور پیپلز پارٹی کی رفاقت! (ایک خبر کا عنوان)

جوانی سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے ساتھ اور بڑھاپا بے نظیر کے ساتھ۔ واہ نوابزادہ تیری قسمت!

○ صدر لغاری نے ۱۵ تیتر شکار کئے۔ انتظامات پر ۲۰ لاکھ روپے خرچ ہوئے۔ (ایک خبر)

ایک لاکھ تیس ہزار کا ایک تیتر۔ غریب عوام کے امیر صدر کے اللے تللے!

○ ہم چار سال پورے کریں گے۔ (وٹو)

عزرائیل سے پوچھ لیا ہے؟

○ بے نظیر۔ نواز شریف، سب سیاستدان ایک جیسے ہیں۔ لوگوں کو بے وقوف بناتے ہیں۔ (عبدالستار ایدھی)

چھین جھپٹ لوٹ میں........ ہم ایک ہیں ہم ایک ہیں۔

○ گوادر اومان کو دے کر پاکستان نے ایران کو ناراض کر دیا۔ (جاوید ہاشمی)

حکومت اپنے ننھیال کو کیسے ناراض کر سکتی ہے؟

○ حکومت دینی مدارس پر قبضہ کرنا چاہتی ہے۔ (نواز شریف)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایں خیال است و محال است و جنوں!

○ کراچی میں بھارتی قونصل خانہ سر بمہر! (ایک خبر)

لوگ پھر بھی قتل ہو رہے ہیں۔

○ ارکان پارلیمنٹ سے دوہری رہائش گاہیں پولیس کے ذریعے خالی کرانے کا فیصلہ۔ (ایک خبر)

حرام خوروں کے لئے عیاشی کے دوہرے اڈے اور غریب عوام کو کچے مکان بھی میسر نہیں۔

○ ترقی کرنی ہے تو مولویوں سے دور رہنا ہو گا۔ مولوی تفرقہ پھیلاتے ہیں۔ ملاں پر چیئرا یبل کمیونٹی ہے۔ (مشیر وزیراعلیٰ، صداقت علی)

بوسہ دینے سے گریزاں کیوں ہو؟
میری ڈاڑھی ہے کوئی خار مغیلاں تو نہیں!

○ وزیراعلیٰ نے دیبالپور کی تمام ایم اے پاس طالبات کی ایڈہاک تقرری کا حکم دے دیا۔ (ایک خبر)

کیا وٹو صرف دیبالپور کے وزیراعلیٰ ہیں؟

○ سرکاری پارٹی والے ایٹم بم بھی امریکہ کو دینے کے لئے تیار ہیں۔ (مرتضےٰ بھٹو)

پھر بھی کہتے ہیں۔ ہم ملک کے وفادار ہیں۔

○ بجلی کے نرخ ۵ روپے فی یونٹ مقرر کرنے کی تجویز (ایک خبر)

سرحد۔ بلوچستان سندھ کے وڈیروں کی بجلی کا خرچ پنجاب پر کیوں؟

○ پی ٹی وی کی نشریات۔ دس سال میں ۲۲ بوسٹر لگے۔ (ایک خبر)

فحاشی اور بے حیائی میں ترقی کی رفتار۔

○ مولویوں نے آج تک کوئی عقل کی بات نہیں کی۔ (گورنر پنجاب)

مولویوں کا بھی آپ کے بارے میں یہی خیال ہے۔

○ اپوزیشن اسلامی ممالک کی سرمایہ کاری رکوانے کی سازش کر رہی ہے۔ (آصف زرداری)

لگتا ہے آپ کا کمیشن بند ہو رہا ہے۔

ادھار چکانے کے لئے ماں باپ نے بختاور چھے ہزار میں بیچ دی۔ (ایک خبر)

عوام کو اس حد تک مجبور کر دینے والی حکومت اللہ کے غضب سے کیسے بچ سکتی ہے؟

○ صوبائی وزیر تعلیم کی من مانیاں۔ آسامیاں مشتہر کئے بغیر ۲۵ افراد کو بھرتی کر لیا۔ (ایک خبر)

میرٹ کا شور مچانے والی وزیراعظم کا دوغلہ پن۔

دینی مدارس کی چھان بین اور نصاب تبدیل کرنے کا فیصلہ (ایک خبر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ کام تمہارے روحانی اجداد لارڈ ولزلے اور لارڈ میکالے بھی نہ کر سکے!

○ اپوزیشن ہمیں اپنی طرح کی گندی سیاست پر مجبور کر رہی ہے۔ (خالد کھرل)

واہ! او شاہ ولی اللہ دے پوتے!

○ ضلع گوادر میں اب تک کسی غیر ملکی کو کوئی زمین نہیں دی۔ (ڈپٹی کمشنر)

○ عمان کے سلطان کو گوادر میں گھر بنانے کے لئے زمین دی۔ (این ڈبلیو خان)

شرم تم کو مگر نہیں آتی!

○ عوام کی تقدیر بدل دوں گا۔ (وٹو)

فی الحال تو عوام کی نکسیر جاری ہے۔

○ پروین شاکر کی رسم چہلم جمعہ کو ہو گی۔ (ایک خبر)

امت خرافات میں کھو گئی۔

○ مدرسے رہبانیت کی تعلیم دیتے ہیں۔ (وزیر داخلہ نصیر اللہ خان)

بندر کیا جانے ادرک کا سرا!

○ ساتھی کی شادی پر پولیس والے شراب میں دھت۔ طوائفوں کے ساتھ رقص۔ بندوقوں کے منہ کھول دیئے۔ ۲۰ انسپکٹر ۳۵ اے ایس آئی ۲۷۰ سپاہی شریک۔ عورتیں لاہور سے منگوائی گئیں۔ (ایک خبر)

دیکھتا کیا ہے میرے منہ کی طرف
قائداعظم کا پاکستان دیکھ

○ تلہ گنگ کا شیعہ ذاکر فقیر حسین امام باڑہ کے غسل خانہ میں دم توڑ گیا۔ (نوائے وقت راولپنڈی ۷/۲ جنوری ۱۹۹۵ء)

پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا

"آنے والے سے مسیح ناصری مقصود ہے"
اس غلام احمد کا یکسر ذکر ہی مفقود ہے
ابنِ مریم زندہ و موجود اتارا جائیگا
جو نہیں مانے گا اسکو، وہ تو مارا جائیگا
تاابد زندہ فقط ہے ایک ربّ کائنات
ابنِ مریم بھی نہیں ہے تاابد برگزحیات
قمر الحسنین

© rasailojaraid.com